# عاشور کي وہ رات وہ سنّاٹے کا عَالم

عاشور کي وہ رات وہ سنّاٹے کا عَالم
فطرت کي خموشي ميں فرشتوں کا وہ ماتم
سويا ھوا رن ميں اسد اللہ کا ضيغم
اور خون ميں ڈوبا ھوا اِسلام کا پرچم
عبّاس تجھے اھلِ وفاء ياد کرينگے

ديکھي نہ گئي بچّوں کي جب تشنہ دھاني
آنکھوں ميں کھٹکنے لگي موجوں کي رواني
پاني کے لیئے اپنا لھو کر دِيا پاني
بچپن پہ سکينہ کے فِداء کردي جواني
عبّاس تجھے اھلِ وفاء ياد کرينگے

قبضے میں تھي تلوار کے قبضے میں خدائي
دو ھاتھ چلي تھي کہ ترائي نظر آئي
بھائي کي وغا دور سے دیکھا کِیا بھائي
کیا شانِ وفاء تونے وفادار دِکھائي
عبّاس تجھے اھلِ وفاء یاد کرینگے

ناکام ھوئي دشمنوں کي کوششیں پَیھم
گِرنے نہ دِیا خاك پہ اِسلام کا پرچم
جب تک رھي جان جسم میں اور سینے میں رھا دم
ریتي پہ ڈُھلاتا رھا اِسلام کا ضَیغم
عبّاس تجھے اھلِ وفاء یاد کرینگے

دُنیا سے گیا شان وفاؤں کي دِکھاکر
پاني نہ پیا پھینك دِیا سامنے لاکر
گھوڑے سے گِرا خاك پہ شانوں کو کٹاکر
سویا بھي تو سوئي ھوئي مِلّت کو جگاکر
عبّاس تجھے اھلِ وفاء یاد کرینگے